یونیورسٹی کا تدریسی و تحقیقی طور پر فعال ٹرسٹ
**(A university teaching and research-active Trust)**
Bridge Park Plaza
Bridge Park Road
Thurmaston
Leicester
LE4 8PQ

www.leicspart.nhs.uk

دسمبر 2021

محترم نوجوان فرد اور والد/والدہ / نگہداشت کنندہ،

**COVID-19 ویکسینیشن پروگرام – اسکولوں میں پہلی اور دوسری خوراکیں**

12 سے 15 سال تک کی عمر کے تمام بچے Pfizer-BioNTech COVID-19 کی ویکسین، Comirnaty کی دو خوراکیں لینے کے اہل ہیں۔ یہ ویکسین ان کو وائرس سے بچانے اور کمیونٹی کے اندر اور اسکول میں اس کے پھیلاؤ کو کم کرنے میں مدد دے گی۔

صحت مند بچے جن کا COVID-19 کے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آیا ہے ان کو ویکسین لگوانے سے پہلے 12 ہفتوں کا انتظار کرنا ہو گا۔ دوسری خوراک بھی نوعمر فرد کی ابتدائی خوراک کے 12 ہفتوں بعد لگے گی۔

**اپنے بچے کو اسکول میں ویکسینیشن لگوانے کے لیے:**

1. www.leicsandrutlandimms.co.uk ملاحظہ کریں
2. اس کے برابر میں موجود "یہاں کلک کریں" کے بٹن پر کلک کر کے COVID-19 کا انتخاب کریں۔
3. اپنے اسکول کے لیے کوڈ درج کریں۔
   **Winstanley School** کے لیے یہ **LE143844** ہے
4. اپنے بچے کی تفصیلات کا اندراج کریں
5. 'SUBMIT(جمع کریں)' دبائیں

یا آپ *QR* کوڈ اسکین کر سکتے ہیں

اہم مشورے:

- اس بات کو یقینی بنائیں کہ جو ای میل ایڈریسز آپ درج کرتے ہیں وہ مکمل طور پر مماثل ہو۔
- اپنے ای میل ایڈریسز درج کرنے کے بعد ریٹرن کا بٹن نہ دبائیں، نہ ہی کوئی اسپیسز چھوڑیں۔
- اسکول کوڈ درج کرنے کے بعد ریٹرن کا بٹن نہ دبائیں، نہ ہی کوئی اسپیسز چھوڑیں۔

براہ کرم نوٹ کریں:

- آپ کو ویکسینیشن سیشن سے قبل رضامندی کے فارم کو مکمل طور پر پُر کرنے کی ضرورت ہو گی۔
- آپ کو اپنے اسکول کی جانب سے ویکسینیشن کی تاریخ سے آگاہ کر دیا جائے گا۔
- آپ ویکسینیشن سیشن میں 1 کاروباری دن رہ جانے پر یہ آن لائن رضامندی مکمل نہیں کر سکیں گے۔

ٹرسٹ ہیڈ کوارٹرز: Bridge Park Plaza, Bridge Park Road, Thurmaston, Leicester. LE4 8PQ
صدر: کیتھی ایلس (Cathy Ellis)    چیف ایگزیکیٹو: انجیلا ہلیری (Angela Hillery)
ہم اسموک فری ٹرسٹ ہیں۔
www.leicspart.nhs.uk/_Aboutus-Whatwedowithyourinformationprivacynotice.aspx پر ہماری رازداری کا نوٹس ملاحظہ کریں۔

- اگر آپ کو آن لائن فارم پُر کرنے میں مدد درکار ہو یا اپنے بچے کی طبی حالت میں تبدیلیوں کے بارے میں کسی فرد سے بات کرنا چاہتے ہیں، تو براہ کرم ٹیلی فون کریں: 0300 300 0007۔

**اپنے بچے کو اسکول سے باہر ویکسینیشن لگوانے کے لیے:**

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے بچے کو ویکسین لگتے وقت آپ اس کے ساتھ ہوں، تو آپ لیسٹر، لیسٹرشائر اور رٹلینڈ کے اردگرد موجود کسی بھی بنا اپائنٹمنٹ ویکسینیشن کے کلینکس میں ان کے ساتھ جا سکتے ہیں۔

کلینکس کے بارے میں مزید معلومات اور اپنے قریبی بنا اپائنٹمنٹ سینٹر تلاش کرنے کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں: www.leicestercityccg.nhs.uk/my-health/coronavirus-advice/coronavirus-vaccine

**اسکول میں ویکسینیشنز**

آپ کے بچے کو اسکول کے ویکسینیشن سیشن میں مدعو کیا جائے گا۔ یہ ویکسینیشن بلا معاوضہ ہے اور صرف آپ کی رضامندی سے دی جائے گی۔

COVID-19 کی ویکسین بازو کے اوپری حصے میں لگائی جاتی ہے۔ ویکسینیشنز تحفظ فراہم کرتی ہیں اور وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے میں مدد دیتی ہیں۔ آپ کے بچے کے جسم کو وائرس سے کچھ تحفظ پیدا کرنے میں چند ہفتے لگ سکتے ہیں۔

ویکسینیشن کے بارے میں مریض کا معلوماتی کتابچہ پڑھنے کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں: http://tiny.cc/covid19forCYP

اگر آپ کا بچہ ویکسینیشن لگوانے کے دن اسکول سے غیر حاضر ہوتا ہے، تو دوسری تاریخ دی جائے گی، یا آپ اپنے بچے کو اسکول سے باہر بنا اپائنٹمنٹ ویکسینیشن کے مقامی کلینک لے جا سکتے ہیں۔

اگر آپ کسی ایسے فرد کے ساتھ رہ رہے ہیں جس میں COVID-19 کی علامات موجود ہیں یا آپ ایسے فرد کے ساتھ رہ رہے ہیں جو ذاتی علیحدگی اختیار کیے ہو، تو آپ کے بچے کو اپنے اسکول کے اندر ویکسینیشن اپائنٹمنٹ میں شرکت نہیں کرنی چاہیئے اور ویکسینیشن کی نئی تاریخ دے دی جائے گی۔

علامات میں شامل ہیں:

- تیز بخار – سینے یا کمر کو چھونے پر گرم محسوس ہونا
- کوئی نئی کھانسی – اس کا مطلب ہے کہ آپ مسلسل کھانسنا شروع ہو گئے ہیں۔
- سونگھنے یا چکھنے کی حس کا ختم ہونا یا بدل جانا

مزید معلومات اور ہماری ویڈیو دیکھنے کے لیے جو ویکسین کے بارے میں مزید وضاحت کرتی ہیں براہ کرم ملاحظہ کریں: www.healthforteens.co.uk/health/coronavirus/covid-19-vaccination-information

اگر آپ کے کوئی اور سوالات ہیں یا رضامندی دینے کے لیے معاونت درکار ہے، تو براہ کرم ٹیلی فون کریں: 0300 300 0007، یا بذریعہ ای میل: communityimmunisations.service@nhs.net رابطہ کریں

آپ کے خیر خواہان،

ڈاکٹر ٹِم ڈیویس (Tim Davies)
**مشاورتی سربراہ برائے اسکریننگ اور امیونائزیشن**
**NHS انگلینڈ اور NHS کا فروغ - مڈلینڈز**

سوزین لیدرلینڈ (Suzanne Leatherland)
کلینکل سربراہ برائے اطفال کا COVID-19 کا پروگرام
**لیسٹرشائر شراکت دار NHS ٹرسٹ**

**اگر آپ اس خط کو کسی اور زبان میں پڑھنا چاہتے ہیں تو ہماری ویب سائٹ پر جائیں**
**www.leicspart.nhs.uk/communityimms**

| | |
|---|---|
| عربی | إذا كنت ترغب في قراءة هذه الرسالة بلغة أخرى، قم بزيارة موقعنا على الإنترنت |
| گجراتی | જો તમે આ પત્ર ગુજરાતીમાં વાંચવા માંગતા હો તો અમારી વેબસાઇટ પર જાઓ |
| پولش | Jeśli chcesz przeczytać ten list w innym języku, przejdź na naszą stronę. |
| پنجابی | ਜੇ ਤੁਸੀਂ ਇਸ ਪੱਤਰ ਨੂੰ ਕਿਸੇ ਹੋਰ ਭਾਸ਼ਾ ਵਿੱਚ ਪੜ੍ਹਨਾ ਚਾਹੁੰਦੇ ਹੋ ਤਾਂ ਸਾਡੀ ਵੈੱਬਸਾਈਟ 'ਤੇ ਜਾਓ |
| صومالی | Haddii aad jeclaan lahayd inaad ku akhrido warqadan luuqad kale, booqo boggayaga internetka |
| اردو | اگر آپ اردو میں یہ خط پڑھنا چاہتے ہیں تو ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔ |

دوسری زبانوں کے لیے:www.nhs.uk/accessibility/health-information-in-other-languages

## آن لائن رضامندی کا فارم مکمل کرنے کے لیے نوٹس

ملاحظہ کریں: www.leicsandrutlandimms.co.uk

اس کے برابر میں موجود "Click here (یہاں کلک کریں)" کے بٹن پر کلک کر کے COVID-19 کا انتخاب کریں۔

اپنے ای میل ایڈریس کا اندراج اور اس کی تصدیق کریں

اپنا اسکول کوڈ درج کریں: LE143844 اور "Find school (اسکول تلاش کریں)" پر کلک کریں۔ آپ کے اسکول کا نام ظاہر ہونا چاہیئے۔

ویکسینیشن کی تاریخ سے 1 کاروباری دن قبل آن لائن سسٹم بند ہو جائے گا۔ سیشن کے بعد دوبارہ کوشش کرنے کے لیے پیغام ظاہر ہو گا اور آپ کو ویکسینیشن کے لیے مختلف تاریخ کی پیشکش کرے گا۔

***اہم مشورہ:***

- ہمارا ہوم پیج تلاش کرنے کے لیے آپ آن لائن "Leicester imms" بھی تلاش کر سکتے ہیں
- اس امر کو یقینی بنائیں کہ ای میل ایڈریسز مماثل ہوں
- ای میل ایڈریس اور اسکول کوڈ سے پہلے یا بعد میں اسپیسز یا رموز اوقاف داخل نہ کریں

**حصہ 1: مریض کی معلومات اور رابطے کی تفصیلات**

**حصہ 2: طبی ہسٹری**

طبی اور ویکسینیشن کی ہسٹری سے متعلقہ سوالات مکمل کریں

**حصہ 3: رضامندی کا اقرار**

COVID-19 ویکسینیشن کے مکمل کورس کی رضامندی کے لیے اس کو مکمل کریں

**براہ کرم نوٹ فرمائیں کہ: بالغ نوجوان فرد آپ کی رضامندی کے بغیر اس ویکسینیشن کے حصول کے لیے اپنی رضامندی ظاہر کرنے کا اہل ہو سکتا ہے اور ماہرینِ صحت ان کی اہلیت کا جائزہ لیں گے تاکہ ایک باخبر فیصلہ کیا جائے۔**

**معلومات کا اشتراک:** اسکول میں ویکسینیشن کے بعد، اطلاع فراہم کی جائے گی اور معلومات نوجوان فرد کے NHS ہیلتھ ریکارڈ میں شامل کر دی جائے گی۔